اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ
صَلَاةً وَّ سَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا
يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا

اس درود پاک میں سرکار دو عالم ﷺ، آپ کی زوجات مبارکہ، آپ کی اولاد اور اہل بیت کرام کا ذکر ہے۔ اس لئے اس کو درود مدنی کہا جاتا ہے۔ غربت و افلاس دور کرنے کیلئے اس کا پڑھنا اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔





74- درود قرآنی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا.


اس صیغۂ درود و سلام کو درود قرآنی اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس میں قرآن پاک کے ہر حرف کے برابر نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام پیش کیا گیا ہے۔

قرآن پاک کی تلاوت شروع اور ختم کرتے وقت اس درود پاک کو سات سات مرتبہ پڑھا جائے تو بہت زیادہ خیر و برکت حاصل ہوگی۔

75- درود اوّل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَآئِكَ وَ اَكْرَمِ اَصْفِیَآئِكَ
مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَ
صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَ صَاحِبِ الْمَقَامِ
الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ۔


اس صیغۂ درود و سلام کو کثرت سے پڑھنے والا روزِ حشر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے و وسیلہ جمیلہ سے اول صف میں ہو گا۔ دینی و دنیاوی کامیابیوں کیلئے بھی اس درودِ پاک کا ورد کیا جائے۔




76- درود بلندیٔ درجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ خَلْقِكَ وَ سِرَاجِ اُفُقِكَ وَ
اَفْضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَیْسِیْرِكَ
وَ رِفْقِكَ صَلَاةً یَّتَوَالٰی تَکْرَارُھَا وَ تَلُوْحُ
عَلَی الْاَکْوَانِ اَنْوَارُھَا۔

حصول بلندی درجات کیلئے یہ درود شریف اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔اس کا ورد کرنے والے پر اللہ تبارک وتعالٰی کی رحمت کا نزول ہوتا ہے۔






77- درود خالد ابن کثیرؒ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

حضرت خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ اپنی زندگی میں اس درود پاک کا کثرت سے ورد کیا کرتے تھے۔ وقت وصال اُن کے سرہانے کاغذ کا ایک پرچہ لکھا ہوا پایا گیا جس پر تحریر تھا کہ "اے خالد! تمہیں دوزخ سے نجات دے دی گئی ہے"۔ خاتمہ ایمان اور عذاب دوزخ سے نجات کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔



77- درود خالد ابن کثیرؒ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الْمُطَھَّرِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

حضرت خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ اپنی زندگی میں اس درود پاک کا کثرت سے ورد کیا کرتے تھے۔ وقت وصال اُن کے سرہانے کاغذ کا ایک پرچہ لکھا ہوا پایا گیا جس پر تحریر تھی کہ "اے خالد! تمہیں دوزخ سے نجات دے دی گئی ہے"۔ خاتمہ ایمان اور عذاب دوزخ سے نجات کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔

78- درود زیارت شفیع المذنبین ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ عَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَ عَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔

قطب ربانی سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے گا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا جو مجھے خواب میں دیکھے گا وہ قیامت میں میرا دیدار کرے گا جو میرا دیدار کرے گا میں اُس کی شفاعت کروں گا اور جس کی میں شفاعت کروں گا وہ میرے حوض سے پانی پیئے گا اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس پر آگ حرام کر دی ہے۔

79- درودِ اولاد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ وَ بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ اُرْزُقْنِىْ خَيْرَ الذُّرِّيَّةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

ایک بندۂ خدا طویل عرصہ تک اولاد کی نعمت سے محروم رہا۔ چند احباب کے ہمراہ وہ شخص مقام حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالٰی عنہ (قاہرہ، مصر) کی زیارت کیلئے حاضر ہوا۔ اس نے وہاں پر یہ درود پاک سنا اور اسے کہا گیا کہ اس درود پاک کو پڑھنے پر مداومت اختیار کرو۔ اس شخص نے اس پر عمل کیا اور کچھ عرصے کے بعد اللہ تبارک وتعالٰی نے اسے ایک بیٹا اور بیٹی عطا فرمائی۔

حصول اولاد کیلئے درود وسلام کا یہ صیغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

80- درود ابراہیم المتبولی رضی اللہ عنہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِهِمْ وَ صَحْبِهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ مَا مَضٰی وَ تَحْفَظَنِیْ فِیْمَا بَقِیَ۔

یہ درود پاک ولی کامل حضرت شیخ ابراہیم بن علی المتبولی مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں چاہتا ہوں کہ کسی بھی مسلمان کی زبان اس درود پاک سے محروم نہ رہے۔

سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس درود پاک کے بہت سے اسرار و رموز کا ذکر کیا ہے۔

81- درود عالی قدر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

عاشق رسول حضرت امام جلال الدین سیوطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس درود پاک کو پابندی سے ساتھ ہر جمعۃ المبارک کی رات کو پڑھنے پر مداومت اختیار کرے گا اس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی لحد میں رکھیں گے۔

حضرت علامہ زینی دحلان مکی نے اس درود پاک کے بہت زیادہ فوائد وفضائل بیان کیے ہیں۔


82- درود کعب


اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَ اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ۔

حضرت سیدی احمد البدوی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا یہ درود پاک انوار الٰہی کے حصول کا سبب ہے۔ اس کے پڑھنے سے بہت سے اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ اس درود پاک کا ایک بار پڑھنا تین بار دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ رزق میں اضافہ کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔

83- درود فاتح


اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ﷺ الْفَاتِحِ لِمَآ اُغْلِقَ وَ الْخَاتِمِ
لِمَا سَبَقَ وَ النَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَ الْهَادِیْ
اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ
عَلٰی اٰلِه وَ اَصْحَابِه حَقَّ قَدْرِهٖ وَ مِقْدَارِهِ
الْعَظِیْمِ.






سادات مغرب کہتے ہیں کہ یہ درود پاک اللہ تبارک وتعالیٰ کے ایک صحیفہ میں نازل ہوا۔ اس کا ایک بار پڑھنا 6 لاکھ مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔ جو شخص روزانہ اس درود پاک کو باقاعدگی سے پڑھتا ہے اُس پر بہت سے حجابات کھل جاتے ہیں اور انوار و برکات کا نزول ہوتا ہے۔

خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔



زبان تا بود در دہان جائے گیر
ثنائے محمد ﷺ بود دل پذیر

بلبل شیراز حضرت شیخ سعدی شیرازی



84- درود احمد ثابت المغربی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ۨ
الَّذِىْ لَوْلَاهُ مَا كَانَتْ اَرْضٌ وَّلَا سَمَآءٌ وَّ
صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ۨ الَّذِىْ هُوَ
شَفِيْقٌ عَلَى الْاُمَّةِ وَسَيِّدُ الْيَتَامٰى۔

یہ صیغہ ہائے درود و سلام مراکش کے حضوری بزرگ سیدی احمد بن ثابت المغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب الفقر والاعتبار سے لئے گئے ہیں۔ خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے ان صیغہ ہائے درود و سلام کو کثرت سے پڑھا جائے۔

سر نہادہ است بر درت سعدی
در ہوائے تو یا رسول اللہ ﷺ

چہ وصفت کند سعدی نا تمام
علیک الصلوۃ اے نبی والسلام

جمل شیراز حضرت شیخ سعدی شیرازی

85- درود عبدالمقصود سالم


اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الْهَادِيْ لِاَنْوَارِكَ، الْجَامِعِ لِاَسْرَارِكَ الدَّآلِّ عَلَيْكَ. وَالْمُوْصِلِ اِلَيْكَ صَلَاةً يُنْفَرَجُ بِهَا كُلُّ ضِيْقٍ وَّ تَعْسِيْرٍ. وَ نَنَالُ بِهَا كُلَّ خَيْرٍ وَّ تَيْسِيْرٍ وَّتَشْفِيْنَا مِنَ الْاَوْجَاعِ وَ الْاَسْقَامِ. وَ تُخَلِّصُنَا مِنَ الْمَخَاوِفِ وَ الْاَوْهَامِ. وَ تَحْفَظُنَا فِي الْيَقْظَةِ وَ الْمَنَامِ. وَ تُنْجِيْنَا مِنْ نَوَآئِبِ الدَّهْرِ وَ مَتَاعِبِ الْاَيَامِ. وَ عَلٰى آلِهٖ هُدَاةُ

الْإِسْلَامِ، وَ أَصْحَابِهِ السَّادَةِ الْأَعْلَامِ، وَ أَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ الْكِرَامِ، وَ اجْمَعْنَا عَلَيْهِ يَا رَبَّنَا فِيْ أَعْلٰى مَقَامٍ، وَ ارْزُقْنَا يَا مَوْلَانَا فِيْ جِوَارِهٖ حُسْنَ الْخِتَامِ۔

یہ درود پاک تمام مسائل پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات کیلئے پڑھا جائے۔

با محمد ﷺ نورِ عشقِ پاکِ جفت
بہر عشق اُو را خدا لولاک گفت


حضرت میر رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ



86- درود حضرت غوث پاک ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ۣ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ ۢ بَقِيَ وَ مَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ مَنْ شَقِيَ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَ تُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا اِنْقِضَآءَ صَلَاةً دَآئِمَةً ۢ بِدَوَامِكَ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِّثْلَ ذٰلِكَ

حضور غوث الثقلین سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب اس درود پاک کو ایک بار پڑھنے سے دس ہزار درود پاک پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔



سلام گویم و صلوات بر تو ہر نفسے
قبول کن بہ کرم ایں سلام و صلواتم


چوں ذرہ ذرہ شود ایں تنم بخاک لحد
تو بشنوی صلوات از جمیع ذراتم

بگوئے "محیؔ" کہ بہر نجات میگوید
درودِ سرورِ کونینؐ در مناجاتم

سیدی الشیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

87- درود تاریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَ سَلِّمْ سَلَامًا
تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ
تُنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ
تُقْضٰى بِهِ الْحَوَآئِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَآئِبُ وَ
حُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ، وَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ
بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ فِىْ كُلِّ
لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَآ اَللّٰهُ يَا
حَيُّ يَاقَيُّوْمُ.




اس دُرُودِ پاک کو دُرُودِ کاملہ، دُرُودِ ناریہ اور دُرُودِ التفریجیہ بھی کہتے ہیں۔ حضرت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ اس دُرُودِ پاک کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جو شخص اس کو روزانہ 41 مرتبہ، 100 مرتبہ یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے غموں اور پریشانیوں کو دور کر دے گا اس کی حالت بہتر ہو جائے گی، رزق میں اضافہ ہوگا، خیر و برکت کے دروازے اُس پر کھل جائیں گے اور حوادثات زمانہ سے محفوظ رہے گا۔

اس کو پڑھنے کا کم از کم عدد 11 مرتبہ اور آخری عدد 4444 مرتبہ ہے۔ ہر نماز کے بعد کم از کم 11 مرتبہ ضرور پڑھا جائے۔

88- درُودِ ذاتیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلَى الطَّلْعَةِ الذَّاتِ الْمُطَلْسَمِ وَ الْغَيْثِ الْمُطَمْطَمِ وَ الْكَمَالِ الْمُكَتَّمِ لَاهُوْتِ الْجَمَالِ وَ نَاسُوْتِ الْوِصَالِ وَ طَلْعَةِ الْحَقِّ، هُوِيَّةِ اِنْسَانِ الْاَزَلِ فِيْ نَشْرِ مَنْ لَّمْ يَزَلْ، مَنْ اَقَمْتَ بِهٖ نَوَاسِيْتَ الْفَرْقِ اِلٰى طُرُقِ الْحَقِّ فَصَلِّ اَللّٰهُمَّ بِهٖ مِنْهُ فِيْهِ عَلَيْهِ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

یہ درود پاک امام العارفین شیخ اکبر حضرت سیدی محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ روحانی فیوض و برکات کے حصول کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔



پری پیکر نگارے سرو قدے لاله رخسارے
سراپا آفت دل بود شب جائے که من بودم


خدا خود میر محفل بود اندر لا مکاں خسروؔ
محمد ﷺ شمع محفل بود شب جائے که من بودم

آفاقها گردیده ام، مهر بتاں ورزیده ام
بسیار خوبان دیده ام، لیکن تو چیز دیگری

حضرت خواجہ امیر خسرو دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

89- درود تُنجینا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَ الْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَآ اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ۔




حضرت شیخ صالح موسیٰ الضریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سمندر میں سفر کر رہے تھے کہ ہمارے سفینہ کو ایک شدید طوفان نے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور قریب تھا کہ ہم تمام مسافر غرق ہوجاتے انتہائی پریشانی کے عالم میں مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور میں سو گیا خواب میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے فرما رہے ہیں کہ اس سفینہ میں سوار تمام لوگوں سے کہو کہ وہ یہ درود شریف پڑھیں۔ میں نیند سے بیدار ہوا اور لوگوں کو اس حکم سے آگاہ کیا پھر سب نے مل کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنا شروع کر دیا ابھی تین سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری مشکل حل کر دی۔ کسی بھی پریشانی یا مصیبت کے وقت اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو ان شاء اللہ پریشانی حل ہوجائے گی۔

90- درود تاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَ الْمِعْرَاجِ وَ الْبُرَاقِ وَ الْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاۤءِ وَ الْوَبَاۤءِ وَ الْقَحْطِ وَ الْمَرَضِ وَ الْاَلَمِ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَ الْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ۝

جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ وَ اللهُ عَاصِمُهٗ وَ جِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَ الْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَ الْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَ قَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَ الْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَ الْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَ الْغُرَبَآءِ وَ

الْمَسَاكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ
اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ
صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ
الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ نُوْرٍ مِّنْ
نُّوْرِ اللهِ يَآ اَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ سَلِّمُوْا
تَسْلِيْمًا۔



درودِ تاج شریف حضرت سیدنا ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے اور ایصالِ ثواب کی محافل میں باقاعدگی سے پڑھا جاتا ہے۔ یہ درودِ پاک بے پناہ فیوضات و برکات کا مجموعہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ اور کسی بھی نیک مقصد کیلئے اسے بے شمار مرتبہ پڑھا جائے تو کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں گے۔ کم از کم ایک مرتبہ اسے روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

نہ قبول بارگاہِ حق کبھی ہوتا نہیں
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفرید درود
مؤمنوں کو حکم ہے قرآن میں صلوا علیہ
ہو زیادہ اور کیا تشریف و تمجید درود

91- درود ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

سرکارِ دو عالم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جس نے اس درود پاک کا ورد کیا بروزِ قیامت میں اُس کے ایمان کی گواہی دوں گا اور اُس کی سفارش کروں گا۔

زیارت نبوی ﷺ کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔

91- درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

سرکارِ دو عالم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جس نے اس درود پاک کا ورد کیا بروزِ قیامت میں اُس کے ایمان کی گواہی دوں گا اور اُس کی سفارش کروں گا۔

زیارت نبوی ﷺ کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔

92- درود نسب شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا عَظِيْمِ الْاٰبَآءِ مِنْ سَيِّدِنَا آدَمَ اِلٰى
سَيِّدِنَا عَبْدِاللهِ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ ابْنِ هَاشِمِ ابْنِ عَبْدِ مُنَافِ ابْنِ
قُصَيِّ ابْنِ حَكِيْمِ ابْنِ مُرَّةِ ابْنِ كَعْبِ ابْنِ
لُوَيِّ ابْنِ غَالِبِ ابْنِ فِهْرِ ابْنِ مَالِكِ ابْنِ
النَّضَرِ ابْنِ كِنَانَةِ ابْنِ خُزَيْمَةَ ابْنِ مُدْرَكَةَ
ابْنِ اِلْيَاسِ ابْنِ مُضَرِ ابْنِ نِزَارِ ابْنِ مَعْدِ

ابْنِ عَدْنَانَ صَلَاةً تَمْلَأُ جَمِيْعَ الْاَكْوَانِ عَدَدَ مَا يَكُوْنُ وَمَا قَدْ كَانَ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَرِيْمِ الْاُمَّهَاتِ مِنْ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ حَوَّآءَ اِلٰى سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهَبِ ابْنِ عَبْدِ مُنَافِ ابْنِ زُهْرَةَ ابْنِ حَكِيْمٍ، بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا عَلِيْمُ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اُوْلِى الشَّرَفِ وَالتَّكْرِيْمِ اَفْضَلَ الصَّلَاةِ وَاَتَمَّ التَّسْلِيْمِ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ
اَوْلَادِهٖ سَيِّدِنَا الْقَاسِمِ وَ سَيِّدِنَا عَبْدِ اللّٰهِ وَ
سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا
عَلِيْمُ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ
اَوْلَادِهٖ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ زَيْنَبَ وَ
سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ رُقَيَّةَ وَسَيِّدَتِنَا
السَّيِّدَةِ اُمِّ كُلْثُوْمٍ وَ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ
فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اُمِّ مَوْلَانَا الْاِمَامِ الْحَسَنِ وَ
اُمِّ مَوْلَانَا الْاِمَامِ الْحُسَيْنِ وَ سَيِّدَتِنَا


السَّيِّدَةِ زَيْنَبَ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهُ عِلْمُ اللهِ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَذُرِّيَّاتِهِ وَعَلَى عَمَّيْهِ خَيْرِ النَّاسِ سَيِّدِنَا حَمْزَةَ وَسَيِّدِنَا الْعَبَّاسِ وَعَلَى ابْنِ عَمِّهِ سَيِّدِنَا عَلِيِّ الْكَرَّارِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ.

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ آلِ رَسُوْلِ اللهِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ { إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا }.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى سَيِّدِنَا وَ

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔



مصر کے ولی کامل، عاشق رسول ﷺ حضرت شیخ عبدالمقصود محمد سالم رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "راحۃ الارواح" میں

فرماتے ہیں کہ مجھے زندگی میں بے شمار مصائب و آلام درپیش ہوئے لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کا فضل و کرم کہ مجھے ہمیشہ صبر و استقامت اور قوت ایمانی جیسی نعمتوں سے نوازتا رہا۔

ایک مرتبہ مجھ پر ایک ایسی مصیبت کا نزول ہوا جس کی وجہ سے قریب تھا کہ میں صبر و استقامت جیسی نعمتوں سے محروم ہو جاتا۔ اِس مصیبت کی مدت طویل ہوئی اور پریشانی میں دن گزرتے رہے۔

انہی ایام میں ایک وحشت ناک خواب بھی دیکھی لیکن اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری مدد فرماتے ہوئے مجھے الہام فرمایا کہ میں یہ پڑھوں۔ "**اللھم بحق نبینا و سیدنا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب.....** نسب شریف کے آخر تک" اُس کے بعد پڑھوں "**اللھم ارفع عنا ھذا البلاء**" اے اللہ مجھ سے یہ پریشانی دور فرما۔

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ظہر کی نماز قاہرہ کی جامع مسجد حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

نماز کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب مبارک کے درود شریف کو کئی بار پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

حضرت شیخ عبدالمقصود محمد سالم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد میں نے ہمیشہ کیلئے اپنا معمول بنالیا کہ مجھے جب بھی کوئی مشکل یا پریشانی پیش آتی تو نسب شریف کے درود مبارک کا ورد شروع کر دیتا حتیٰ کہ اس کی برکت سے میری ساری مشکلیں اور پریشانیاں دُور ہو جاتیں اور مجھے فتح و کامیابی نصیب ہوتی۔

پریشانیوں اور مشکلوں سے نجات کیلئے کثرت سے اس درود پاک کا ورد کیا جائے۔

استغفارِ غوثیہ

تحفۃ الراغبین میں ہے کہ حضور غوث الثقلین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص توبہ کے ان کلمات کو روزانہ پڑھے گا، وہ صاحب عرفان ہو جائے گا، جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا، اُس کی پیشانی روشن و منور ہو جائے گی اور اگر وہ ایمان سے رخصت نہ ہوا تو کل قیامت میں میرا دامن اُس کی گرفت میں ہوگا۔

توبہ کے ان کلمات کی اہمیت کے پیش نظر
ان کو روزانہ ایک بار پڑھنا
اپنا معمول بنالیا جائے۔

کلماتِ توبہ



اصل کلماتِ توبہ تو فارسی زبان میں ہیں
جن کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

اے اللہ مجھ ناکارہ سے جو گناہ، خطا، کفر، کفر کا کلمہ، شرک، ریاء، گناہِ صغیرہ، گناہِ کبیرہ، زنا، چغلی، خوش طبعی، فحش، بہتان، جھوٹ، لغو، ہو، حسد، حرص، عجب، تکبر، نفاق، ناحق، حسد، حرام، نازیبا بات، کراہت، بدفطرتی، گناہ گاری، نادانی، امرِ حرام، تلخ کلامی، جھڑک، رنج دینا، غمگین کرنا، ترکِ امانت، بددیانتی، خیانت، ظلم، زیادتی آدمی کے حق میں، کسی جانور کے حق میں، ناحق شناسی استاد

کے حق میں، پیر و مرشد، ماں، باپ، حدیث رسول اللہ ﷺ

کی فسق، فجور، بدی، ناکردنی، غفلت، کوتاہی، جو کچھ

فرمانِ شریعت میں جان بوجھ کر بھول ہوئی، دل میں گذری

، زبان پر آئی ہو قول اور فعل حاضر اور ناظر، ظاہر اور باطن،

رات اور دن، خفیہ، اعلانیہ، دانستہ، نادانستہ جو میں نے کیے

ان تمام گناہوں سے میں باز آیا اور مسلمان ہوا اور توبۂ

خالص تجھ سے طلب کرتا ہوں تاکہ دوسری مرتبہ ارتکاب

جرم نہ ہو اور یہ امور دوبارہ میرے وجود میں نہ آئیں اور

تمام نہ کرنے والے کام نہ کروں۔ از سرِ نو مسلمان ہوتا

ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ

اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

ہمارے سردار محمد ﷺ اللہ کے خاص بندے اور رسول ہیں
اور جو کچھ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے اس پر ایمان لاتا ہوں اور
ہر وہ چیز جس پر محمد رسول اللہ ﷺ ایمان لائے اور ہر اس
چیز سے بیزار ہوں جس سے محمد رسول اللہ ﷺ بیزار رہے
اور دور رہے یعنی میں صدق دل سے کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا
کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی
دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا
کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار
محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور رسول ہیں، اللہ پاک
ہے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں ہے کوئی خوف اور طاقت

سوائے اللہ بزرگ و برتر کے، ایمان لاتا ہوں اللہ پر جیسا

کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں سے متصف ہے اور قبول کرتا

ہوں اس کے تمام احکام، اے اللہ تصدیق سے، تمام تر عمر

ثابت رکھ اے اللہ اسی امر پر آخری سانس نکلے اور ملاقات

ہمیشہ کی بخش دے بطفیل محمد ﷺ رسول اللہ ﷺ اور سلام

بھیج اپنی خلقت میں سے بہترین ہمارے سردار محمد ﷺ اور

ان کی تمام آل پر قول و فعل، حاضر و ناظر اور ظاہر اور باطن

اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ

اللہ کے رسول ہیں، رحمت ہو اللہ کی ان کی آل اور اصحاب

سب پر اپنی رحمت سے، اے بڑے رحم والے، رحم

کرنیوالوں سے۔

فہرست

نمبر شمار	نام درود پاک	صفحہ نمبر
1	درود حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	8
2	درود مقرب	9
3	درود زیارت حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	10
4	درود مشاہدہ	11
5	درود عشق	12
6	درود مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	13
7	درود مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	14
8	درود باطن	15
9	درود مستجاب الدعوات	16
10	درود حاجات	17
11	درود ثمرات	18
12	درود فتح اصحاب	19

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
13	درود زیارت	20
14	درود فرح وسرور	21
15	درود دافع غم	22
16	درود موسیٰ علیہ السلام	23
17	درود سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	24
18	درود خالد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ	25
19	درود خضری	26
20	درود غوثیہ	27
21	درود حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	28
22	درود حصول رحمت	29
23	درود نصرت	30
24	درود چشتیہ	31
25	درود برکات کثیرہ	32
26	درود زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	33
27	درود شفاعت	34

نمبر	عنوان	صفحہ
28	درود پاکیزگی قلوب	35
29	درود محبت	36
30	درود اولی العزم	37
31	درود سعادت	38
32	درود تحفہ اسرار	39
33	درود عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ	40
34	درود ہزارہ	41
35	درود اول و آخر	42
36	درود کشف	43
37	درود محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	44
38	درود نقشبندیہ	45
39	درود شفائے قلوب	46
40	درود نجات ابد	47
41	درود طیب	48
42	درود حصول جنت	49

50	درودِ یقین	43
51	درود زیارت سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	44
52	درود زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	45
53	درود زیارت سید الاولین والآخرین	46
54	درودِ بخشش	47
55	درود کوثر	48
56	درود النور الذاتی	49
57	درود الرؤف الرحیم	50
58	درود صالیہ	51
59	درود سیدی الخحندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	52
60	درود سیدنا الرفاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	53
61	درود تیجانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	54
62	درود افضل	55
63	درود دوائی	56
64	درودِ قلبی	57

58	درود تریاق امراض	65
59	درود زاہدین	66
60	درود طالبین	67
61	درود بشارت	68
62	درود حضوری	69
63	درود ثواب	70
64	درود نوریہ	71
65	درود شافعی	72
66	درود سید شمس الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ	73
67	درود سیدنا فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	74
68	درود النبہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	75
69	درود نعمت عظمیٰ	76
70	درود نوری	77
71	درود جام کوثر	78
72	درود عابدین	79

نمبر	عنوان	صفحہ
73	درود مدنی	80
74	درود قرآنی	81
75	درود اول	82
76	درود بلندی درجات	83
77	درود خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ	84
78	درود زیارت شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	85
79	درود اولاد	86
80	درود ابراہیم المتبولی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	87
81	درود عالی قدر	88
82	درود قطب	89
83	درود فاتح	90
84	درود احمد ثابت المغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	92
85	درود عبد المقصود سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ	94
86	درود حضرت غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ	96
87	درود ناریہ	98

88	دُرُودِ ذاتیہ	100
89	دُرُودِ تُنجینا	102
90	دُرُودِ تاج	104
91	دُرُودِ ابراہیمی	108
92	دُرُودِ نسب شریف	109

استغفارِ غوثیہ	116
فہرست	121
حوالہ جات	128

یارب چُو مصطفٰی را، من بهرِ تو ستودم

تو هم بمصطفٰی بخش، این مصطفٰی ستارا

حضرت پیر رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ:- اے باری تعالیٰ جب تیرے محبوب کی میں نے صرف تیرے لئے ستائش کی ہے، تو تُو بھی روزِ قیامت مصطفٰی ﷺ کی تعریف کرنے والے کو محمد مصطفٰی ﷺ کے صدقے میں بخش دے۔ آمین



حوالہ جات

کتاب ہذا میں موجود صیغہ ہائے درود وسلام درج ذیل کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔

- ☆ الکنوز المحمدیة لرؤیة خیر البریة
- ☆ الکنوز المحمدیة فی الصلاة علی خیر البریة
- ☆ افضل الصلوات علی سید السادات
- ☆ سعادة الدارین فی الصلاة علی سید الکونین
- ☆ انوار الحق فی الصلاة علی سید الخلق
- ☆ التفکر والاعتبار فی فضل الصلاة والسلام
- ☆ اللهم صل علی سیدنا محمد
- ☆ زیارت حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- ☆ خزانہ درود وسلام
- ☆ گلدستہ درود وسلام
- ☆ تحفہ درود وسلام
- ☆ تحفہ درود شریف
- ☆ تحفۂ درود شریف
- ☆ جمال وکمال درود شریف